© rasailojaraid.com



زیرِ نظر کتاب میں جن عنوانات سے تعرض کیا گیا اور جن امور کو وضاحت سے بیان کیا گیا ہے ان میں سے چند یہ ہیں :- حدود کی تعریف، حد کے لغوی اور اصطلاحی معنی، تعزیر اور تادیب میں فرق، حد اور تعزیر میں فرق، اسلامی سزاؤں کی اقسام، زنا کی سزا، سزائے قذف، شراب نوشی کی سزا، سرقے کی سزا، باغیوں کے متعلق احکام، مرتد کی تعریف اور اس کی سزا، سحر کی سزا، قصاص وغیرہ۔ اس سلسلے میں اور بھی بہت سے ضمنی عنوانات اور ذیلی مباحث درج کتاب ہیں۔ یوں تو اس کتاب کا مطالعہ ہر طبقے کے لوگوں کو کرنا چاہیے، لیکن مختلف عدالتوں کے جج صاحبان اور وکلائے کرام کو بالخصوص اس سے مستفید ہونا چاہیے، ان کے لیے یہ کتاب بڑی مفید ثابت ہوگی۔ حدود و تعزیرات کے بارے میں قانونی نوعیت کے جن مسائل سے ان کا عام طور پر عدالتوں میں واسطہ پڑتا ہے، کتاب و سنت اور فقہ کی روشنی میں ان کی پوری تعریف اور سزاؤں کی تفصیل بیان کی گئی ہے۔ ترجمہ کی زبان رواں دواں اور صاف ہے۔ کہیں کوئی گنجلک یا الجھاؤ نہیں ہے۔

## احوال و آثار میرزا اسد اللہ خاں غالب

مصنف : محمد علی فرجاد

ناشر : مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان۔ اسلام آباد

بہترین کتابت، عمدہ طباعت، شاندار کاغذ۔ صفحات مع مقدمہ و فہرست عنوانات وغیرہ ۲۹۰۔ قیمت ۳۵ روپے

زیرِ نظر کتاب ”احوال و آثار میرزا اسد اللہ خاں غالب“، میرزا غالب کے بارے میں اپنی نوعیت کی بہترین کتاب ہے۔ اب تک اس ضمن میں جو کچھ لکھا گیا ہے، اس کی حیثیت اس میں معلومات افزا اضافے کی ہے۔ کتاب فارسی زبان میں ہے۔ ابتدا میں ”درباۂ ایں کتاب“ کے عنوان سے کتاب کا تعارف کرایا گیا ہے اور اس کے مشتملات کی مختصر طور سے تصریح کی گئی ہے۔ یہ فرض جناب محمد جعفر محجوب نے انجام دیا ہے۔ اس کے بعد جناب پروفیسر شکور احسن صاحب (استاذ پنجاب یونیورسٹی) کی تقریظ ہے۔ پھر کتاب کے فاضل مصنف نے مقدمہ تحریر کیا ہے۔ اس کے بعد لائق مصنف نے شروع سے لے کر غالب کے زمانے تک برصغیر پاک و ہند میں فارسی ادب میں جو خدمات انجام دی گئی ہیں، اس کا جائزہ لیا ہے۔ کتاب کا یہ حصہ بڑا معلوماتی ہے اور واقعہ یہ ہے کہ مصنف نے اس میں بڑی تحقیق اور کاوش کا ثبوت

© rasailojaraid.com